1180-وضوء کی دعائیں

سوال

کیا دوران وضوء شرعی طور پر کوئی دعاء ثابت ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دوران وضوء کوئی دعا ثابت نہیں ، نہ تو وضوء کے اعضاء دھوتے وقت اور نہ ہی مسح کرتے وقت ، اس کے متعلق جتنی بھی دعائیں بیان کی جاتی ہیں وہ ساری اپنی طرف سے ایجاد کردہ اور بدعت ہیں اس کی کوئی دلیل نہیں ملتی.

بلکہ صرف مشروع تو یہ ہے کہ وضوء کے شروع میں بسم اللہ اور وضوء کرنے کے بعد کلمہ شھادت :

أشھد أن لا إلہ إلا اللہ وحدہ لا شریک لہ وأشھد أن محمداً عبدہ ورسولہ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالی کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں ، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں.

اور اس کے بعد درج ذیل دعاء پڑھی جائے :

اللھم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطھرین

اے اللہ مجھے توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں میں شامل فرما.